بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# Central Moon-Sighting Committee of Great Britain


**(Hizbul Ulama UK, Darul Uloom Bury, Jamiatul Ulama Britain) Email:info@hizbululama.org.uk**

Tel; 0044+07866464040 / 07966348845/ 0170768261096 / 07877561009 / 01709563677




## رمضان ۱۴۳۱ھ کے چاند کی رویئت وشہادت

برادران وخواتینِ اسلام السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس سے قبل مرکزی رویئتِ ہلال کمیٹی برطانیہ نے برمنگھم، یوکے میں رمضان ۱۴۳۱ھ کے چاند کی رویئت کے حوالہ سے برطانوی مسلمانوں کو مطلع کر دیا تھا جس کے بعد بہت سے حضرات ہم سے اس کی شہادت کے بارے میں معلومات کرتے رہے ہیں،

قارئین کو یقیناً یہ جان کر خوشی ہوگی کہ مرکزی رویئتِ ہلال کمیٹی برطانیہ کے ایک وفد نے مورخہ ۱۸ اگست ۲۰۱۰ء بروز بدھ برمنگھم شہر کا دورہ کیا، جس میں جمعیۃ العلماء برطانیہ کے ۲ ممبران، رابطہ علماء باٹلی کے ۲ ممبران اور انڈین مسلم ویلفئر سوسائٹی، باٹلی کا ایک ممبر کل پانچ ممبران شامل تھے، اس وفد نے شاہدین سے ملاقات کر کے ان سے گواہیاں سنیں اور دستخطوں کے ساتھ اسے تحریر میں لائے، ملاحظہ فرمائیں؛

---

### ۲۹ شعبان ۱۴۳۱ھ بروز منگل مطابق ۱۰، اگست ۲۰۱۰ء کی شام چاند دیکھنے والے حضرات؛۔

(۱) مولانا محمّد اللہ (۲) حافظ محمّد سعید (۳) حاجی محمّد فیض الرحمٰن

ہم اوپر ذکر کردہ (مولانا) محمّد اللہ، حافظ محمّد سعید اور حاجی محمّد فیض الرحمٰن شہادت دیتے ہیں کہ ہم نے ۱۰ اگست ۲۰۱۰ء منگل کو مغرب کی نماز کے بعد تقریباً ۹ بجے مدینہ مسجد مرکز کے کار پارک سے آڈرلی روڈ کی جانب منہ کرتے ہوئے صاف فضاء اور بادل کے ٹکڑوں کی گردش میں قریباً دو منٹ تک چاند دیکھا۔ ہمیں کسی کے دباؤ کے بغیر مکمّل اعتماد ہے کہ یہ سچ اور حقیقت ہے اور ہمیں پہلے بھی چاند دیکھنے کا تجربہ رہا ہے اور اب جو دیکھا وہ یقیناً رمضان ۱۴۳۱ھ کا نیا چاند ہی تھا۔

(۱) مولانا محمّد اللہ

(۲) محمّد سعید احمد

(۳) محمّد فیض الرحمٰن

**گواھی کے وقت حاضرین کے دستخط؛۔**

(۱) مولانا حسین آف بریڈفوڈ

(۲) مولانا ابراہیم وریاوا آف باٹلی

(۳) حافظ عرفان داجی آف باٹلی

(۴) مولانا ڈاکٹر دادی بھائی آف باٹلی

(۵) حاجی قمرِ عالم آف بریڈفورد

(۶) محمّد حق آف برمنگھم

(۷) محمّد ساجد علی آف برمنگھم

**نوٹ**؛ سب کے دستخط و پتوں والی اصل تحریر مرکزی رویئتِ ہلال کمیٹی برطانیہ کے پاس موجود ہے

---

اب جبکہ خود برطانیہ میں بھی ۲۹ شعبان ۱۴۳۱ھ کی شام رمضان کے چاند کی رویئت سے مزید شرعی ثبوت ہو جانے پر اسے فلکیات کے مفروضہ حسابات کی پیشگوئیوں کی بنیاد پر رد کرنے کا نصوص اور فتاویٰ کی رو سے کوئی جواز نہیں بنتا، دیکھئے فتاویٰ کی ایک نقل؛۔ فلکیاتی مفروضہ حسابات کی تھیوری اور میتونی سائکل کے مفروضہ نیومون اور اس کے امکانِ رویئت کے مفروضہ حسابات شرعاً غیر معتبر ہیں۔ انہیں رویئتِ ہلال کا مدار بنانا درست نہیں۔ حدیث کے بھی خلاف ہے، فقہاء کے اصول کے بھی

خلاف ہے، اسے جمِ غفیر کی شہادت کے ساتھ مشروط کرنا بھی غیر معتبر اور اصولِ فقہ کے خلاف ہے۔ کسی باطل چیز پر کسی چیز کی بنیاد رکھنا بھی باطل ہے۔(فتویٰ دارالعلوم دیوبند۔ حوالہ کے لئے نیز دیگر حالیہ فتاویٰ، و ''دیگر فتاویٰ'' کتب کو ہماری ویب سائٹ www.hizbululama.org.uk میں ملاحظہ فرمائیں )

**نوٹ:۔** جن حضرات نے ۱۱، اگست ۲۰۱۰ء بروز بدھ روزہ نہیں رکھا انہیں مذکورہ شہادت پر اس دن کے روزہ کی قضاء لازم ہے ورنہ گنہگار ہوں گے

## مذکورہ شاہدین، رویئتِ ہلال اور شہادت کے متعلق مزید معلومات:۔

مذکورہ تینوں گواہ باشعور اور ذمہ دار قسم کے پابندِ شرع لوگ ہیں جیسے کہ سنت کے مطابق ڈاڑھی، لباس اور صاحبِ ترتیب ہیں ساتھ ہی کسی کورٹ کیس میں بھی ملوّث نہیں اور قریب وبعید کی بہترین نظر والے ہیں اور عینک نہیں پہنتے۔ انہیں چاند دیکھنے کے پچھلے تجربات بھی ہیں، یہ برمنگھم ہی کے رہنے والے ہیں جو ہر ہفتہ کے تبلیغی مشورہ میں منگل کے روز آلڈرلی روڈ کی تبلیغی مرکز کی مسجد میں حاضر رہتے ہیں۔

۲۹ شعبان کو مغرب کی نماز کے بعد دو رکعت سنّت سے فارغ ہو کر یہ حضرات مسجد سے باہر چاند دیکھنے لگے تو آسمان صاف تھا مگر بادل کے ٹکڑے ادھر اودھر دوڑ رہے تھے کہ چاند دِکھائی دیا (یاد رہے کہ اس سے پہلے اور قریبی ایاّم میں بادل کے ٹکڑوں میں بھی کئی مرتبہ چاند دیکھے گئے ہیں جیسے کہ اس رمضان کا چاند بھی بادلوں کے ٹکڑوں میں گھانا میں تین حضرات نے دیکھا نیز ایسے واقعات کو ماہرین نے بھی قبول کیا ہے مثلاً امریکہ میں Little Rock, Arkansas جگہ پر دو حفاّظ نے شوّال ۱۴۲۹ھ کا چاند مورخہ ۲۹ ستمبر ۲۰۰۸ء پیر کی شام دیکھا جبکہ آسمان میں بادل کے ٹکڑے دوڑ رہے تھے اسی طرح ذوالحجّہ ۱۴۱۰ھ کا پہلا چاند مورخہ ۲۱ مئی ۱۹۹۳ء کی شام بادلوں کے اندر اسی برمنگھم کی سینٹرل مسجد بیلگریو روڈ کے کار پارک سے دو حضرات نے دیکھا تھا جن کے ہاتھ کا ''اسکیچ گراف'' ہماری انگلش کتاب ''ججمینٹ آن مون سائٹنگ اکورڈِنگ ٹو شریعہ'' (Judgment on Moon Sighting According to Shariah ..) کے ص ۹۷ پر ویب سائٹ www.hizbululama.org.uk میں دیکھیں۔

بہر حال تینوں گواہوں میں سے ایک (۱) سند یافتہ عالم ہیں جو مقامی مدرسہ میں پڑھاتے ہیں (۲) دوسرے گواہ حافظِ قرآن ہے اور (۳) تیسرے گواہ نے اپنی زندگی کا اکثر وقت دین کی تبلیغ کے کام میں گذار دی ہے۔ نیز تینوں حضرات کو مقامی لوگ بخوبی جانتے ہیں جنہوں نے ان کی سچائی ومعتمد ہونے کی گواہی بھی دی۔

**مولانا عبد الرّب صاحب** حفظہ اللہ جو برمنگھم کی ایک مسجد کے امام (اور اسلامک گرلز اسکول واسلامی مدرسہ 18 Dixon Road,Smal Heath Birmingham,uk کے مہتمم ہیں ساتھ ہی آپ حضرت مولانا فداء الرحمٰن درخواستی پاکستان اور مولانا حسن بوڈھانوی والسال والوں کے خلیفہ، حفظہما اللہ ) ہیں،

یہ تینوں حضرات موصوف مولانا عبد الرّب صاحب کے نزدیک بھی معتمد ہیں , آپ نے خود بھی تینوں سے زبانی گواہی پہلے روز لے لی تھی۔

گواہوں کے حالات وتفتیش سے ہمارے وفد کے دلوں میں ان پر مکمّل اعتماد جم گیا کہ انہوں نے جو گواہی دی ہے وہ بالکل صحیح ہے، ساتھ ہی یاد رہے کہ آبزرویٹری والوں کا شرعی شہادتوں کے خلاف امکانِ رویئت ہونے نہ ہونے کے اقوال سے ''شرعی شہادت'' پر جو بدگمانی پیدا کی جاتی ہے وہ بھی اس مقامی واقعہ میں چاند دیکھنے سے نہیں ہوسکتی کہ یہ چاند سعودیہ سمیت دنیا میں دوسری چھ جگہوں میں بھی دیکھا گیا مثلاً یمن میں ۵ علماء نے، الجیریا میں، انڈونیشیا میں دو جگہوں پر، نائجیریا میں ۱۰ جگہوں پر، گھانا میں تین اشخاص نے دیکھا اور سعودیہ سمیت ۳۳ ممالک نے بشمول برطانیہ ۱۱، اگست ۲۰۱۰ء بدھوار کو پہلا روزہ بھی رکھا۔

یہ بات شرعاً قرآن وحدیث کے نصوص سے ثابت ہے کہ چاند کو آنکھ سے دیکھ لینا کافی ہے اور فلکیاتی حسابات کے مفروضات کا کوئی اعتبار نہیں لہٰذا احادیث کے مطابق یہ گواہی معتبر ومقبول ہے کہ ہم مسلمان نصوص وسنت پر عمل پیراں ہیں نہ کہ ماقبل اسلام کے بت پرست فلسفی میتون (۴۳۱ ق م) اور یہودی ربائی حلیل دوم (۳۵۸ء) کی سنّت فلکیاتی مفروضات کی نیومون تھیوری پر عامل!!! ہم دعاء کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ہم سب کے دلوں میں میتونی سائکل حساب اور یہودی ربّی کے دینِ موسوی میں تبدیل کئے گئے طریقے کے برخلاف دینِ اسلام اور پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت کی حقیقی محبّت اور مکمّل اطاعت کو مضبوطی کے ساتھ ہمارے دلوں میں جمادے ۔ **اللّٰھمّ اھدنا الصراط المستقیم صراط الّذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالّین۔** آمین

Y.A.Miftahi (HGS)



**Published By: Central Moon-sighting Committee of Great Britain**

شائع کردہ:۔ **مرکزی رویئتِ ہلال کمیٹی برطانیہ** ( جمعیتِ علماء برطانیہ۔ دارالعلوم بری۔ حزب العلماء یوکے )

Info@hizbululama.org.uk / www.hizbululama.org.uk